بند کیجئے پرنٹ کیجئے اپنے احباب کو ای میل کیجئے

جنگ

《レッツノート直販サイト》
ec-club.panasonic.jp/
2014年夏モデル発売中！直販限定 モデルも。パナソニック ストア

Share

شمالی وزیرستان میں 6 ماہ بعد امریکی ڈرون حملہ، 16 افراد ہلاک

میرانشاہ کے گاؤں درگاہ منڈی میں امریکی جاسوس طیارے نے دو میزائل داغے، کمپاؤنڈ اور ایک گاڑی مکمل تباہ، ہلاک ہونے والوں میں 4 ازبک باشندے اور دو پنجابی طالبان شامل

سینئر سیکورٹی افسر کی تصدیق، ہلاکتوں میں اضافے کا خدشہ، رات گئے ایک اور ڈرون حملے میں مزید 10 افراد مارے گئے، طیارے نے ڈانڈے درپہ خیل کے علاقے میں 6 میزائل داغے

میران شاہ (اے ایف پی) شمالی وزیرستان میں چھ ماہ بعد ہونے والے امریکی ڈرون حملے میں 16 شدت پسند ہلاک ہوگئے۔ شمالی وزیرستان میں میرانشاہ کے گاؤں درگاہ منڈی میں امریکی جاسوس طیارے نے ایک کمپاؤنڈ اور ایک گاڑی پر دو میزائل داغے جس کے نتیجے میں کمپاؤنڈ اور گاڑی مکمل طور پر تباہ ہو گئی اور 16 شدت پسند ہلاک ہوگئے۔ میران شاہ میں ایک خفیہ ادارے کے عہدے دار نے بتایا کہ ہلاک ہونے والوں میں 4 ازبک باشندے اور دو پنجابی طالبان شامل ہیں۔ اطلاعات کے مطابق شدت پسندوں نے کمپاؤنڈ کی دیوار کے ساتھ پک اپ ٹرک کھڑا کر رکھا تھا۔ میرانشاہ میں ایک اور سینئر سیکورٹی افسر نے حملے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ ہلاکتوں میں اضافے کا خدشہ ہے۔ واضح رہے کہ رواں برس یہ پہلا امریکی ڈرون حملہ ہے۔ 25 دسمبر 2013 کو کئے جانے والے ڈرون حملے، جس میں تین شدت پسند مارے گئے تھے، اس کے بعد پاکستان میں ڈرون حملوں کا سلسلہ روک دیا گیا تھا۔ میران شاہ میں موجود ایک سیکورٹی افسر نے کہا کہ ہم نے شدت پسندوں کی جانب سے ڈرون حملے کے حوالے سے بھیجے گئے پیغام کو ریکارڈ کیا ہے جس میں ایک شخص اپنے ساتھیوں کو جائے وقوعہ پر پہنچ کر زخمیوں کی مدد اور لاشوں کو اٹھانے کا کہہ رہا ہے۔ دریں اثناء رات گئے ایک اور ڈرون حملے میں مزید 5 افراد مارے گئے، طیارے نے ڈانڈے درپہ خیل کے علاقے میں 6 میزائل داغے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق دوسرا ڈرون حملہ شمالی وزیرستان ایجنسی کے قریب کیا گیا جس میں متعدد ہلاکتوں کا خدشہ ظاہر کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق حملے میں گھر کو نشانہ بنایا گیا۔ حملے کے بعد بھی کافی دیر تک علاقے میں ڈرون طیاروں کی نچلی پروازوں کا سلسلہ جاری رہا جس سے علاقے میں خوف وہراس پھیل گیا۔ ڈرون طیارے نے ڈانڈے درپہ خیل کے علاقے میں 6 میزائل داغے۔

ShareThis
آج کا اخبار پڑھئے